© rasailojaraid.com



مرزا محمد حسن چغتائی مرحوم
(سابق امیر مجلس احرار اسلام پاکستان)

## "بخاری کا فرزند"

بخاری کے فرزند بوذر کو دیکھو — شجاعت کا پیکر، سیاست کا ماہر
علوم شریعت کا رہوار ہے وہ — وجاہت بزرگوں کی چہرہ سے ظاہر
خطابت میں اس کا نہیں کوئی ثانی — اثر اس کا ایسا کہ جیسے ہو ساحر
بُتِ کادیانی کا وہ سخت دشمن — کہ ہیبت سے اس کی ہے لرزندہ "ناصر"
روایات احرار کا ہے امیں وہ — رگوں میں ہے اسکی رواں خون طاہر

صحابہ کے دشمن ہوں یا اہل بدعت
سبھی اس کی یلغار سے مردہ خاطر

سید امین گیلانی

## سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ

بخاری کا بیٹا ابوذر بخاری — برنگِ ابوذرؓ کٹی عمر ساری
وہی سادگی تھی وہی بے نیازی — وہی حق شناسی وہی حق شعاری
وہی دینِ حق کے لئے گرم جوشی — وہی سرفروشی، وہی جاں سپاری
نظر میں رہے ہیچ سب میر و سلطاں — رہا وہ خدا ہی کے در کا بھکاری
وہ عالم وہ فاضل وہ دیں کا مبلغ — وہ قرآں کا حافظ وہ قرآں کا قاری
وہ اسلام کا تھا بہادر سپاہی — لگاتار رہا کفر پر ضربِ کاری
نبی کی شفاعت سے وہ بہرہ ور ہو — کرے اس پہ فضل و کرم ربِّ باری
طبیعت تھی اس کی بڑی صاف واضح — عدو سے عداوت تھی یاروں سے یاری

امیں دشمنوں کے لئے تھا وہ آتش
اور اپنوں میں تھا مثلِ بادِ بہاری

© rasailojaraid.com